# ٹیچرز گائیڈ

## گیلی سوکھی بارش

کلاس 2 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں **7** سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- بچوں کو کتاب کا cover page دکھائیں اور کتاب کا عنوان پڑھ کر سنائیں۔ پوچھیں کہ cover page کی تصویر میں انہیں کیا نظر آ رہا ہے؟ بچوں کو تصویر دیکھنے اور اس پر بات چیت کرنے کے لئے وقت دیں۔

10 منٹ
- بچوں سے بارش کے موضوع پر بات چیت کریں۔ پوچھیں کہ کیا انہیں بارش پسند ہے؟ اگر پسند ہے تو کیا تیز بارش یا ہلکی بارش؟ انہیں بارش کیوں پسند یا نا پسند ہے؟ بارش میں بچے کیا کرتے ہیں؟ کیا بچے بارش میں نہاتے ہیں؟ بچوں کو باری باری اپنے خیالات کے اظہار کا پورا موقع دیں۔

20 منٹ
- کتاب پڑھ کر سنائیں۔ ایک ایک کر کے ہر صفحے پر بنی تصویر دکھائیں۔ بچوں سے مختلف قسم کی بارش پر بات چیت کریں۔

- پتلی بارش اور موٹی بارش
(وضاحت: پتلی بارش کی بوندیں چھوٹی ہوتی ہیں اور موٹی بارش کی بوندیں موٹی۔)

- گیلی بارش اور سوکھی بارش
(وضاحت: بارش کا پانی ہر جگہ کو گیلا کر دیتا ہے مگر جہاں چھت یا چھتری ہو وہاں بارش ہونے کے باوجود جگہ سوکھی رہتی ہے۔)

- کالی بارش اور رنگ برنگی بارش
(وضاحت: بارش کا رنگ کالا نہیں ہوتا۔ جب بہت گہرے بادل چھائے ہوں تو اندھیرا ہو جاتا ہے اور بارش کا رنگ گہرا نظر آتا ہے۔ رنگ برنگی بارش وہ ہے جب بارش کے ساتھ سورج نکلا ہو اور آسمان پر دھنک نظر آئے۔)

- چپ چپ بارش اور شور مچاتی بارش
(وضاحت: چپ چپ بارش وہ ہے جب صرف بارش برس رہی ہو مگر بادلوں کی گرج چمک نہ ہو۔ بادل گرجیں تو اسے شور مچاتی بارش کہہ سکتے ہیں۔ بارش جب ٹین (tin) کی چھت پر گرتی ہے تو اسے بھی شور مچاتی بارش کہتے ہیں۔)

- صاف بارش اور گندی بارش
(وضاحت: بارش کا پانی صاف ہوتا ہے۔ لیکن جب پانی مٹی پر پڑتا ہے تو مٹی کیچڑ بن جاتی ہے۔)

- ہر طرف بارش
(وضاحت: کتاب میں سے اسکول میں بارش، گھر میں بارش، ہر طرف بارش کی تصاویر دکھا کر بتائیں کہ جب بارش ہوتی ہے تو عام طور پر علاقے کے بڑے حصے میں ایک ساتھ ہوتی ہے۔ اسکول میں بھی، راستے میں بھی اور گھر میں بھی۔)

## گھر کا کام

5 منٹ
- امی / ابو سے پوچھیں کہ جب وہ بچے تھے تو بارش میں کیا کرتے تھے؟

# سیشن 2

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ جب ان کے امی / ابو چھوٹے تھے تو بارش میں کیا کرتے تھے؟ ہر بچے سے باری باری پوچھیں۔ اگر کوئی بچہ نہ بتانا چاہے تو اگلے بچے سے پوچھ لیں۔

15 منٹ
- کتاب میں سے 5 الفاظ کا توڑ جوڑ بورڈ پر لکھ کر سمجھائیں۔ بعد میں بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں۔

بارش = ب + ا + ر + ش
رنگ = ر + ن + گ
گھر = گ + ھ + ر
طرف = ط + ر + ف
کالی = ک + ا + ل + ی

15 منٹ

- کتاب میں سے 5 الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے الفاظ اپنی کوپی میں لکھ کر ان کا توڑ خود کریں۔ چند الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔

زور     کی     موٹی     پیر     صاف

- بچوں کے پاس جا کر ان کا کام دیکھیں اور ان کی مدد کریں۔

# سیشن 3

10 منٹ

- 6 - 8 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔

10 منٹ

- بچوں سے بارش کے بارے میں بات چیت کریں۔

- پہلے بچوں سے پوچھیں کہ بارش میں گیلا ہونے سے کیسے بچ سکتے ہیں؟
- ان کے جوابات سننے کے بعد بتائیں کہ بارش میں گیلا ہونے سے بچنے کے لئے وہ کئی کام کر سکتے ہیں' جیسے چھت کے نیچے آ جاؤ' گھر کے اندر آ جاؤ' چھتری لے لو' پلاسٹک لپیٹ لو' سر پر کچھ رکھ لو۔
- تمام بچوں کو بات چیت میں شریک کریں۔

25 منٹ

- بچوں کو سفید کاغذ دیں اور اس پر ایک چھتری کی ڈرائنگ بنانے کے لئے کہیں۔ چھتری اتنی بڑی ہو کہ اس پر کم از کم 3 الفاظ لکھے جا سکیں۔ چھتری بنانے میں ان کی مدد کریں۔

- بچوں سے کہیں کہ اپنی ڈرائنگ میں رنگ بھریں۔
- بچوں سے کہیں کہ ڈرائنگ کی ہوئی چھتری پر کتاب میں سے اپنی پسند کے کوئی 3 الفاظ لکھیں۔
- اگر ممکن ہو تو ہر بچے کی چھتری کی ڈرائنگ ڈسپلے بورڈ پر لگائیں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- جن بچوں نے اب تک کتاب کی پڑھائی نہیں کی ہے ان میں سے 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا کبھی انہوں نے آسمان پر دھنک (rainbow) دیکھی ہے؟ یا اس کے بارے میں سنا ہے؟ بچوں سے پوچھیں کہ وہ دھنک کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ بچوں کے جوابات سننے کے بعد انہیں بتائیں کہ کبھی کبھی جب بارش ہو رہی ہو اور سورج نکل آئے تو آسمان پر دھنک نظر آتی ہے۔ دھنک میں 7 رنگ ہوتے ہیں۔

کاسنی نیلا آسمانی ہرا پیلا نارنجی لال

- بچوں کو کلاس میں موجود چیزوں یا ان کی رنگین پینسلوں اور کریون کی مدد سے رنگوں کی پہچان کرائیں۔ خاص طور سے کاسنی، نیلا اور آسمانی رنگ۔

- دھنک کے رنگوں کے نام اردو اور انگریزی میں بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| colour | رنگ |
|---|---|
| violet | کاسنی |
| indigo | نیلا |
| blue | آسمانی |
| green | ہرا |
| yellow | پیلا |
| orange | نارنجی |
| red | لال |

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں رنگ برنگی دھنک بنائیں۔ جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

اگلے سیشن (سیشن 5) میں دھنک کا تجربہ ہے۔ ایک دن پہلے ضروری اشیاء کا انتظام کر لیں اور تجربہ اچھی طرح سمجھ لیں۔ پہلے تجربہ خود کر کے دیکھ لیں تو بہتر ہو گا۔

**تجربہ کے لئے ضروری اشیاء:** ٹورچ، آئینہ، سفید کارڈ یا پیپر، گوند، ٹب اور پانی۔

**تجربہ کے لئے ہدایات :** آئینے کو ٹب کے اندر ایک طرف گوند سے چپکا دیں۔ ٹب میں اتنا پانی بھریں کہ آئینے کے نچلے کنارے تک آ جائے۔ پھر آئینے کے سامنے ٹب کے دوسرے کنارے پر کارڈ پیپر پکڑ کر رکھیں اور جب پانی ہلنا رک جائے تو پانی پر ٹورچ کی روشنی ڈالیں۔ کارڈ پر دھنک نظر آئے گی۔

# سیشن 5

45 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ ہم کلاس میں بھی دھنک دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے لئے ہم کلاس میں ایک تجربہ کریں گے۔
  - ہدایت کے مطابق تجربہ کریں۔
  - ایک ایک یا دو دو بچوں کو اپنے پاس بلائیں اور ٹورچ سے روشنی ڈال کر کارڈ پر دھنک دکھائیں۔

# سیشن 6

15 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ اور ضد آس پاس موجود اشیاء کی مدد سے سمجھائیں۔

اوپر / نیچے    آگے / پیچھے    اِدھر / اُدھر    قریب / دور    یہاں / وہاں

20 منٹ • کتاب میں دیئے گئے ایسے الفاظ، جن کی ضد ہوتی ہے، چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی ضد پوچھیں اور بورڈ پر الفاظ کی صحیح ضد لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| گیلی | سوکھی |
| پتلی | موٹی |
| کالا | سفید |
| صاف | گندہ |
| اندر | باہر |

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ الفاظ / ضد میں سے اپنی پسند کے کوئی تین الفاظ چن کر ان کے جملے بنائیں۔

# سیشن 7 (optional)

45 منٹ • بچوں سے رول پلے (role play) کرائیں۔ بچوں کے تین سے چار گروپس بنائیں۔ رول پلے کے بارے میں بچوں کو واضح ہدایات دیں کہ انہیں بارش کے کسی ایک موقع کے مطابق ایکٹنگ کرنا ہو گی۔ رول پلے سمجھانے کے لئے خود بھی تھوڑی سی ایکٹنگ کر کے دکھائیں۔

- بچوں کو رول پلے کی تیاری کے لئے وقت دیں۔ اس دوران بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

## بارش کے موقع کی مثالیں

1) باہر بارش ہو رہی ہے۔ بچے بارش میں کھیلنے جانا چاہتے ہیں مگر امی منع کر رہی ہیں۔ بچے امی کو کس طرح مناتے ہیں۔

2) بارش ہو رہی ہے اور بچے بارش میں نہا رہے ہیں۔

3) بچے گھر میں بیٹھے ہیں۔ اچانک بارش ہونے کی آواز آتی ہے۔ گھر میں کیا ہوتا ہے یا بچے کیا کرتے ہیں۔

4) کوئی بچہ بارش میں جاتا ہوا پھسل کر گر پڑا ہے۔ دوسرے بچے اسے دیکھ کر کیا کرتے ہیں۔

5) بارش ہو رہی ہے۔ راستے میں پانی ہے مگر بچوں کو کہیں جانا ہے۔ وہ بارش اور پانی سے بچ کر کس طرح چلتے ہیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- رول پلے سے بچوں کے اندر خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر بچے / بچی رول پلے میں حصہ لے اور اس کی تعریف اور حوصلہ افزائی ضرور ہو۔

# گیلی سوکھی بارش

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk